اس خدمت کو سرانجام دیا ہے اور وہ اس کام میں خاصے کامیاب ثابت ہوئے ہیں معیارِ کتابت وطباعت عمدہ ہے۔

کتابِ انقلاب | جناب اسعد گیلانی صاحب۔ ناشر: آزاد بک ڈپو بلاک نمبر ۲ سرگودھا (پاکستان) ضخامت ۱۲۸ صفحات قیمت ایک روپیہ۔

جناب اسعد گیلانی صاحب ملک کے جانے پہچانے ادیب ہیں جن کو خداوند تعالیٰ نے علمی بصیرت کے ساتھ ایک دلِ بیتاب بھی دیا ہے۔ تبصرہ نگار نے جب کبھی اُن کی کسی تحریر کا مطالعہ کیا تو وہ جہاں ایک طرف اُن کے حکیمانہ اسلوبِ نگارش سے متاثر ہوا وہاں اُس نے اُن کے خلوص کی حرارت کو بھی شدت سے محسوس کیا۔

زیرِ تبصرہ کتاب اُن کے چند چھوٹے چھوٹے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں انہوں نے نہایت سلجھے ہوئے مگر ہلکے پھلکے انداز میں اسلام کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی ہے۔ اور بتایا ہے کہ اسلام ایک قوتِ فکر و عمل ہے جو انسان کے افکار کے اندر سلجھاؤ، اس کے قلب کے اندر طمانیت اور اس کے اعمال میں مردِ مجاہد کا سا خلوص اور جوش پیدا کرتی ہے۔

حکمائے قدیم کا فلسفہ اخلاق | تالیف: جناب بشیر احمد ڈار صاحب ایم اے

ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ پاکستان ۲ کلب روڈ۔ لاہور۔ قیمت چھ روپے

اس فاضلانہ تصنیف میں چینی فلسفہ اخلاق، گوتم بدھ کا فلسفہ اخلاق، بھگوت گیتا کا فلسفہ اخلاق، زرتشت کا فلسفہ اخلاق، مانی کا فلسفہ اخلاق، سقراط کا فلسفہ اخلاق، افلاطون کا فلسفہ اخلاق، ارسطو کا فلسفہ اخلاق، رواقی فلسفہ اخلاق، اور مصری فلسفہ اخلاق کے مختلف گوشوں پر بڑی حکیمانہ اور عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے مصنف چونکہ اخلاق کے اندر اسلامی اقدار کی بالادستی کے نہ صرف قائل بلکہ پرجوش مبلغ بھی ہیں اسلئے انہوں نے اخلاق کے ان مختلف نظریات کی وضاحت کرنے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اخلاق کا اسلامی نقطہ نظر بھی پیش کیا ہے۔ مصنف کا ذہن رسا اور صاف ہے اسلئے وہ اپنی بات بڑی قرینے سے کہہ جاتے ہیں۔